فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی سرگرمیوں کا عکاس جریدہ

وزارت توانائی (پاور ڈویژن)
حکومت پاکستان

FESCO

ایڈیشن: اپریل 2026ء شمارہ نمبر: 181 جلد نمبر: 14 کل صفحات: 16

فیسکو نیوز



انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

حکومت پاکستان اور کابینہ ڈویژن کے احکامات پر فیسکو میں کفایت شعاری اور اخراجات میں کمی کے جامع اقدامات پر عملدرآمد کا آغاز

وزیراعظم پاکستان کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کا مقصد مالی نظم وضبط کو بہتر بنانا اور قومی وسائل کے موثر استعمال کو یقینی بنانا ہے

وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایت پر فیسکو ریجن میں بجلی بچت کی خصوصی مہم کا آغاز

خصوصی مہم کا مقصد بجلی کے غیر ضروری استعمال میں کمی، لوڈ مینجمنٹ کے دباؤ میں کمی اور صارفین کے ماہانہ بجلی بلوں میں نمایاں کمی کو ممکن بنانا ہے

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو)

فیسکو نیوز

ایڈیشن: اپریل 2026ء شمارہ نمبر: 181 جلد نمبر: 14 کل صفحات: 16



منتظم اعلیٰ

انجینئر محمد عامر

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو



مدیر اعلیٰ

فرخ آفتاب

ڈائریکٹر جنرل ایڈمن فیسکو



مدیر

محمد سعید رضا

ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) فیسکو

ایڈیٹوریل ٹیم



اویس دانش



محمد شفیق



ایوب احمد

فوٹوگرافی



محمد وسیم

پبلشر
شعبہ تعلقات عامہ فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ فیصل آباد
Toll Free: 080066554, Help Line: 118, +92419220282, www.fesco.com.pk

عرض مدیر

وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی خصوصی ہدایات چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینیر محمد عامر کی طرف سے بجلی کے کفایت شعاری سے استعمال کو فروغ دینے کے لیے فیسکو ریجن میں بجلی بچت کی خصوصی مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس خصوصی مہم کا مقصد بجلی کے غیر ضروری استعمال میں کمی لانا، لوڈ مینجمنٹ کے دباؤ کو کم کرنا اور صارفین کے ماہانہ بجلی بلوں میں نمایاں کمی ممکن بنانا ہے۔ عالمی حالات کی وجہ سے ملک میں جاری بجلی بحران سے نمٹنے کیلئے بجلی کی بچت وقت کی اہم ضرورت ہے۔ بحیثیت قوم یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ اس مشکل وقت میں ہم مل کر بجلی کی کفایت شعاری کی اس خصوصی مہم میں حکومت کا ساتھ دیں تا کہ ملک سے لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ ہو۔ اس سلسلے میں فیسکو کی جانب سے بھی بجلی کفایت شعاری کی خصوصی مہم بھرپور طریقے سے چلائی جا رہی ہے اور عوام الناس میں بجلی بچت سے متعلق آگاہی پیدا کی جا رہی ہے اور انہیں بجلی بچانے کے طریقوں پر عمل درآمد کی ترغیب دی جا رہی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ حکومت پاکستان کی ہدایات اور کابینہ ڈویژن کے احکامات کی روشنی میں چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی زیر نگرانی فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) میں کفایت شعاری اور اخراجات میں کمی کے جامع اقدامات پر عملدرآمد کا آغاز بھی کر دیا گیا ہے۔ یہ اقدامات وزیر اعظم پاکستان کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کے تحت نافذ کیے جا رہے ہیں، جن کا مقصد مالی نظم وضبط کو بہتر بنانا اور قومی وسائل کے موثر استعمال کو یقینی بنانا ہے۔ اس سلسلے میں فیسکو انتظامیہ نے فیسکو کے مختلف دفاتر کے زیر استعمال 405 گاڑیوں کو دو ماہ کے لیے گراؤنڈ کر دیا ہے۔ تا کہ توانائی کی بچت کو یقینی بنایا جا سکے۔

اس شمارے میں

04 سرکاری دفاتر میں صفائی ستھرائی کی اہمیت تحریر: محمد ایوب، اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ریکوری) فیسکو فیصل آباد

05 حکومت پاکستان اور وزارت توانائی کی ہدایت پر بجلی کی کفایت شعاری کو فروغ دینے کیلئے فیسکو ریجن میں بجلی بچت کی خصوصی مہم کا آغاز

06 حکومت پاکستان اور کابینہ ڈویژن کے احکامات پر فیسکو میں کفایت شعاری اور اخراجات میں کمی کے جامع اقدامات پر عملدرآمد کا آغاز

07 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے بجلی چوری کے خلاف شاندار کارکردگی پر ایس ای میانوالی سرکل انجینئر محمد بلال اقبال کو تعریفی سرٹیفکیٹ دیا

07 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) انتظامیہ نے چار فیسکو افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے

08 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کا چیف انجینئر ٹیکنیکل سروسز فیسکو انجینئر شہباز محمود کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر الوداعی تقریب سے خطاب

10 فیسکو ایچ ایس ای ڈائریکٹوریٹ کا گرڈ اسٹیشنز، گوداموں، ٹرانسفارمر ورکشاپس اور دفاتر میں آگ سے بچاؤ کیلئے ایک جامع ایس او پی جاری

11 حکومت پاکستان کی کیش لیس اکانومی پالیسی کے تحت فیسکو نے راست کے ذریعے بجلی کے بلوں کی ادائیگی کی نئی سہولت متعارف کرا دی

11 فیسکو بورڈ اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی منظوری کے بعد فیسکو انتظامیہ نے تین فیسکو افسران کو سکیل 19 میں ترقی دے دی

12 صارفین کو جدید اور تیز رفتار سہولیات فراہم کرنے کیلئے ای این سی پورٹل بند کر دیا گیا، تمام سہولیات کیلئے پاور سمارٹ ایپ پر دستیاب ہوں گی

13 فیسکو نے واجبات کی عدم ادائیگی پر ریجن بھر کے 27 سرکاری محکموں کے خلاف خصوصی ریکوری مہم کا آغاز کر دیا

14 فیسکو ایڈمنسٹریشن ڈائریکٹوریٹ کی طرف سے فیسکو ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے مختلف اقدامات جاری ہیں

15 شوکاز نوٹس برائے کارروائی

سرکاری دفاتر میں صفائی ستھرائی کی اہمیت
(فیسکو کے تناظر میں)



تحریر: محمد ایوب
اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ریکوری)
فیسکو فیصل آباد

سرکاری دفاتر کسی بھی ریاستی نظام کا بنیادی ستون ہوتے ہیں۔ یہی دفاتر عوام اور حکومت کے درمیان رابطے کا ذریعہ بنتے ہیں۔ اور انہی کے ذریعے عوامی خدمات کی فراہمی، پالیسیوں پر عملدرآمد اور قومی وسائل کا نظم ونسق ممکن بنایا جاتا ہے۔ اس پس منظر میں سرکاری دفاتر، خصوصاً فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) جیسے بڑے عوامی خدمت کے ادارے میں صفائی ستھرائی کی اہمیت مسلمہ حقیقت ہے۔

صفائی ستھرائی محض ظاہری خوبصورتی تک محدود نہیں بلکہ ایک بنیادی اور اخلاقی تقاضا ہے۔ ایک صاف ستھرا دفتری ماحول نظم وضبط، پیشہ ورانہ سنجیدگی اور ادارہ جاتی وقار کی عکاسی کرتا ہے۔ اسلام نے صفائی کو غیر معمولی اہمیت دی ہے۔ حضورؐ کا ارشاد پاک ہے۔ "الطھور شطر الایمان" یعنی صفائی نصف ایمان ہے۔ یہ تعلیم اس امر کی واضح نشاندہی کرتی ہے کہ صفائی صرف ذاتی عمل نہیں بلکہ اجتماعی اور معاشرتی ذمہ داری بھی ہے۔ ایک اسلامی معاشرے میں قائم سرکاری اداروں میں صفائی ستھرائی کا اہتمام ہماری دینی اقدار اور قومی شعور کی عملی مثال ہونا چاہیے۔



فیسکو چونکہ ایسا ادارہ ہے جو روزانہ بڑی تعداد میں صارفین سے براہ راست رابطے میں رہتا ہے۔ اس لیے دفتری ماحول کی صفائی عوامی اعتماد کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ جب کوئی شہری کسی سرکاری دفتر میں آتا ہے تو سب سے پہلے اس کی نظر دفتری نظم ونسق اور ماحول پر پڑتی ہے۔ صاف ستھرا دفتر شفافیت، ذمہ داری اور موثر انتظام کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ یہ بات قابل توجہ ہے کہ صفائی کی ذمہ داری سینٹری عملے تک محدود نہیں بلکہ ہر افسر اور ملازم پر لازم ہے کہ وہ اپنے دفتری کمرے، میز، فائلوں اور اردگرد کے ماحول کو صاف اور منظم رکھے۔ غیر ضروری کاغذات کا بروقت تصفیہ، کوڑا مقررہ مقامات تک ڈالنا اور دفتری نظم وضبط کی پابندی اجتماعی ذمہ داری کے زمرے میں آتی ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے باقاعدہ نگرانی اور صفائی کے معیارات کا تعین بھی نہایت ضروری ہے۔

مزید برآں، صاف ستھرا دفتری ماحول صحت مند افرادی قوت کی ضمانت فراہم کرتا ہے۔ آلودہ فاتر بیماریوں کے پھیلاؤ کا سبب بن سکتے ہیں۔ جس سے نہ صرف ملازمین کی صحت متاثر ہوتی ہے بلکہ ادارے کی مجموعی کارکردگی بھی متاثر ہوتی ہے۔ اس کے برعکس صاف اور منظم دفاتر کام کرنے کے لیے مثبت اور سازگار ماحول فراہم کرتے ہیں۔ اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ فیسکو سمیت تمام سرکاری دفاتر میں صفائی کے نظام کو موثر اور مستقل بنیادوں پر بہتر بنایا جائے۔ دفاتر کے کمروں، راہداریوں، بیت الخلاؤں اور عوامی انتظار گاہوں کی باقاعدہ صفائی نہ صرف ادارے کی ساکھ کو بہتر بناتی ہے بلکہ ملازمین کی کارکردگی اور سائلین کے اعتماد میں بھی اضافہ کرتی ہے۔

صفائی کے حوالے سے انتظامی نگرانی، متعلقہ عملے کی جوابدہی اور جدید صفائی کے طریقہ کار کو اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اگر ہر افسر اور ملازم اپنی ذمہ داری کو دیانت داری سے نبھائے تو سرکاری دفاتر کو ایک مہذب، خوشگوار اور صحت مند ماحول میں تبدیل کیا جا سکتا ہے، جو عوامی خدمت کے معیار کو بلند کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ آخر میں یہ کہنا مناسب ہوگا کہ فیسکو جیسے قومی ادارے میں صفائی ستھرائی کو ایک مستقل انتظامی ترجیح کے طور پر اپنایا جانا چاہیے۔ بلاشبہ صفائی نصف ایمان ہے۔

بجلی کے کفایت شعاری سے استعمال کو فروغ دینے کیلئے فیسکو ریجن میں بجلی بچت کی خصوصی مہم کا آغاز

خصوصی مہم کے دوران عوام میں بجلی بچت سے متعلق آگاہی پیدا کی جارہی ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

صارفین قدرتی روشنی سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھایا جائے تاکہ دن کے اوقات میں بجلی کے استعمال کو کم کیا جاسکے

عوام الناس اس خصوصی مہم میں بھرپور تعاون کریں تاکہ محدود توانائی وسائل کو موثر انداز میں استعمال کر کے بلاتعطل فراہمی کو ممکن بنایا جاسکے

پیک آورز میں غیر ضروری آلات کے استعمال کے گریز سے لوڈ مینجمنٹ میں بہتری آئے گی اور بجلی کی فراہمی مزید مستحکم ہوگی

خصوصی مہم کا مقصد بجلی کے غیر ضروری استعمال میں کمی، لوڈ مینجمنٹ کے دباؤ میں کمی اور صارفین کے ماہانہ بجلی بلوں میں نمایاں کمی کو ممکن بنانا ہے



وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی خصوصی ہدایات چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کی طرف سے بجلی کے کفایت شعاری سے استعمال کو فروغ دینے کے لیے فیسکو ریجن میں بجلی بچت کی خصوصی مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس خصوصی مہم کا مقصد بجلی کے غیر ضروری استعمال میں کمی لانا، لوڈ مینجمنٹ کے دباؤ کو کم کرنا اور صارفین کے ماہانہ بجلی بلوں میں نمایاں کمی ممکن بنانا ہے۔ فیسکو ترجمان انجنیئر محمد سعید رضا کے مطابق بجلی کفایت شعاری کی خصوصی مہم کے دوران عوام میں بجلی بچت سے متعلق آگاہی پیدا کی جارہی ہے اور انہیں بجلی بچانے کے طریقوں پر عمل درآمد کی ترغیب دی جارہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اگر صارفین پیک آورز میں غیر ضروری زیادہ لوڈ والے برقی آلات کے استعمال سے گریز کریں تو بجلی کے نظام پر پڑنے والا بوجھ نمایاں حد تک کم کیا جاسکتا ہے جس سے لوڈ مینجمنٹ میں بہتری آئے گی اور بجلی کی فراہمی مزید مستحکم ہوگی۔ انھوں نے صارفین سے درخواست کی کہ وہ پیک آورز میں برقی موٹریں، استری، اوون اور دیگر غیر ضروری/زیادہ لوڈ والے برقی آلات کا استعمال کم سے کم کریں۔ زرعی صارفین بھی پیک آورز میں ٹیوب ویل چلانے سے گریز کریں تاکہ مجموعی لوڈ میں کمی لائی جاسکے۔ علاوہ ازیں قدرتی روشنی سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھایا جائے تاکہ دن کے اوقات میں بجلی کے استعمال کو کم کیا جاسکے۔ صارفین بجلی اپنے منظور شدہ لوڈ کے مطابق استعمال کریں اور گھر یا دفتر سے نکلتے وقت تمام برقی آلات بند کرنا یقینی بنائیں۔ اسی طرح سونے سے پہلے غیر ضروری بتیاں اور دیگر برقی آلات بند کرنا بھی بجلی بچت میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ گھروں اور دفاتر میں کم توانائی استعمال کرنے والے انرجی سیور یا ایل ای ڈی بلب استعمال کریں تاکہ کم بجلی میں بہتر روشنی حاصل کی جاسکے۔ مزید برآں کمپیوٹر اور دیگر ڈیجیٹل آلات کو آٹو سلیپ موڈ پر رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے کیونکہ اسٹینڈ بائی پر موجود آلات بھی بجلی کے ضیاع کا باعث بنتے ہیں۔ ایئر کنڈیشنر کو 26 ڈگری سینٹی گریڈ پر چلانے، ریفریجریٹر اور دیگر برقی آلات کو مناسب درجہ حرارت پر استعمال کرنے سے بھی بجلی کی نمایاں بچت ممکن ہے۔ اس سلسلے میں چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے کہا کہ اجتماعی کوششوں کے ذریعے نہ صرف بجلی کے نظام پر دباؤ کم کیا جاسکتا ہے بلکہ لوڈ مینجمنٹ کے ساتھ ساتھ صارفین کے ماہانہ اخراجات میں بھی واضح کمی لائی جاسکتی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ توانائی کا دانشمندانہ استعمال وقت کی اہم ضرورت ہے اور ہر شہری کا فرض ہے کہ وہ اس قومی ذمہ داری کو محسوس کرتے ہوئے بجلی کے محتاط استعمال کو یقینی بنائے۔ انھوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس خصوصی مہم میں بھرپور تعاون کریں تاکہ محدود توانائی وسائل کو موثر انداز میں استعمال کرتے ہوئے بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو ممکن بنایا جاسکے اور ملک کو توانائی بحران سے نکالنے میں اپنا کردار ادا کیا جاسکے۔

حکومت پاکستان اور کابینہ ڈویژن کے احکامات پر فیسکو میں کفایت شعاری اور اخراجات میں کمی کے جامع اقدامات پر عملدرآمد کا آغاز

حکومتی ہدایات کا مقصد مالی نظم وضبط کو بہتر بنانا اور قومی وسائل کے موثر استعمال کو یقینی بنانا ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

گاڑیوں کے لیے پیٹرول، آئل اور لبریکنٹس (POL) کے اجرا پر مکمل پابندی، خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ افسر ذمہ دار تصور ہوگا

فیسکو کی جانب سے تمام فزیکل میٹنگز کی بجائے آن لائن میٹنگز کے انعقاد کی ہدایت، سرکاری دوروں اور سفری سرگرمیاں محدود

پالیسیوں کا مقصد ادارے کے مالی وسائل کا مؤثر استعمال، غیر ضروری اخراجات میں کمی اور عوامی فلاح کے منصوبوں پر وسائل فراہم کرنا ہے

حکومت پاکستان کی ہدایات اور کابینہ ڈویژن کے احکامات کی روشنی میں چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی زیر نگرانی فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) میں کفایت شعاری اور اخراجات میں کمی کے جامع اقدامات پر عملدرآمد کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ یہ اقدامات وزیر اعظم پاکستان کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کے تحت نافذ کیے جا رہے ہیں، جن کا مقصد مالی نظم وضبط کو بہتر بنانا اور قومی وسائل کے موثر استعمال کو یقینی بنانا ہے۔ اس سلسلے میں فیسکو انتظامیہ نے فیسکو کے مختلف دفاتر کے زیر استعمال 405 گاڑیوں کو دو ماہ کے لیے گراؤنڈ کر دیا ہے۔ اس دوران ان گاڑیوں کے لیے پیٹرول، آئل اور لبریکنٹس (POL) کے اجرا پر مکمل پابندی عائد ہوگی جبکہ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ افسر ذمہ دار تصور ہوگا۔ گراؤنڈ کی گئی گاڑیوں کو محفوظ مقامات پر پارک کرنے اور ان کی دیکھ بھال کی ذمہ داری متعلقہ ڈرائیورز پر عائد کی گئی ہے۔ مزید برآں دیگر زیر استعمال گاڑیوں کے لیے بھی ایندھن کے استعمال کو محدود کرتے ہوئے صرف 50 فیصد ماہانہ POL استعمال کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ اس اقدام کا مقصد ایندھن کی بچت اور غیر ضروری اخراجات میں کمی لانا ہے۔ اسی طرح حکومت پاکستان کی کفایت شعاری پالیسی کے تحت فیسکو ملازمین کو سرکاری دوروں کے ٹی اے/ڈی اے کلیمز جمع کروانے سے بھی روک دیا گیا ہے جبکہ ٹی اے/ڈی اے کی ادائیگیاں آئندہ احکامات تک معطل رہیں گی۔ کسی بھی ضروری دورے کے استثنا کے لیے متعلقہ اتھارٹی سے پیشگی منظوری لازمی قرار دی گئی ہے۔ فیسکو کی جانب سے تمام فزیکل میٹنگز پر پابندی عائد کرتے ہوئے آن لائن میٹنگز کے انعقاد کی ہدایت جاری کی گئی ہے جبکہ سرکاری دوروں اور سفری سرگرمیوں کو محدود کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے تاکہ اخراجات میں مزید کمی لائی جا سکے۔ مزید برآں فیسکو میں جمعۃ المبارک کی چھٹی کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے جبکہ 50 فیصد سٹاف فزیکلی دفاتر میں جبکہ 50 فیصد ورک فرام ہوم کرے گا۔ حکومت کی جانب سے وسیع تر کفایت شعاری اقدامات کے تحت اعلیٰ سرکاری افسران کی تنخواہوں میں عارضی کٹوتی کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔ جس کے مطابق تین لاکھ سے دس لاکھ روپے تک تنخواہ لینے والے افسران کی تنخواہ سے 5 فیصد، دس لاکھ سے بیس لاکھ روپے تک 15 فیصد، بیس لاکھ سے تیس لاکھ روپے تک 25 فیصد، تیس لاکھ روپے سے زائد تنخواہ پر 30 فیصد کٹوتی کی جائے گی۔ یہ کٹوتیاں دو ماہ کے لیے نافذ العمل ہوں گی اور حاصل شدہ رقم عوامی فلاحی منصوبوں پر خرچ کی جائے گی۔ یہ تمام اقدامات چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر کی منظوری سے نافذ کیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں فیسکو ترجمان محمد سعید رضا کا کہنا ہے کہ ان پالیسیوں کا مقصد ادارے کے مالی وسائل کو مؤثر انداز میں استعمال کرنا، غیر ضروری اخراجات کو کم کرنا اور عوامی فلاح کے منصوبوں کے لیے زیادہ سے زیادہ وسائل فراہم کرنا ہے۔ فیسکو انتظامیہ نے تمام افسران اور ملازمین کو ہدایت کی ہے کہ وہ ان اقدامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں اور قومی مفاد میں کفایت شعاری کو فروغ دیں۔



ادارے کی کامیابی کا راز اس کے محنتی اور باصلاحیت افسران اور ملازمین ہوتے ہیں

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

فیسکو بجلی چوری کے خاتمے اور صارفین کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھے گا

بہترین کارکردگی دکھانے والے افسران کی حوصلہ افزائی مستقبل میں بھی اسی طرح کی جاتی رہے گی

ایس ای میانوالی سرکل انجینئر محمد بلال اقبال کو بجلی چوری کے خلاف مہم میں شاندار کارکردگی کے اعتراف میں تعریفی سرٹیفکیٹ دیا گیا



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر اعلیٰ کارکردگی دکھانے پر ایس ای سرکل میانوالی انجینئر محمد بلال اقبال کو تعریفی سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر نے کہا کہ کسی بھی ادارے کی کامیابی کا راز اس کے محنتی اور باصلاحیت افسران اور ملازمین ہوتے ہیں ہیں جس سے نہ صرف ادارے ترقی کرتے ہیں بلکہ صارفین بہترین سہولیات کی فراہمی بھی یقینی ہوتی ہے یہ باتیں انھوں نے سپرنٹنڈنگ انجینئر (آپریشن) فیسکو سرکل میانوالی، انجینئر محمد بلال اقبال کو ان کی غیر معمولی خدمات کے اعتراف تعریفی سرٹیفکیٹ دینے کے موقع پر خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے مزید کہا کہ محمد بلال اقبال کو یہ اعزاز انجینئر محمد بلال اقبال کو بجلی چوری کے خلاف مہم (اینٹی تھیفٹ کیمپین) میں ان کی شاندار کارکردگی، انتھک محنت اور غیر معمولی کاوشوں کے اعتراف میں دیا گیا۔ ان کی قیادت میں میانوالی سرکل نے نہ صرف بجلی چوری کے خلاف مؤثر اقدامات کیے بلکہ ادارے کی کارکردگی میں نمایاں بہتری بھی لائی جسے اعلیٰ انتظامیہ نے سراہا۔ انہوں نے مزید کہا کہ انجینئر محمد بلال اقبال کی خدمات دیگر افسران کے لیے ایک مثال ہیں اور ان کی کارکردگی ادارے کے لیے قابلِ فخر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ فیسکو بجلی چوری کے خاتمے اور صارفین کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھے گا، جبکہ بہترین کارکردگی دکھانے والے افسران کی حوصلہ افزائی مستقبل میں بھی اسی طرح کی جاتی رہے گی۔ اس موقع پر ڈی جی لاء فرخ آفتاب، ڈی جی ایڈمن منور خان، ڈی جی (میراڈ)، فیسکو کے دیگر افسران اور عملے نے بھی انجینئر محمد بلال اقبال کو اس اعزاز پر مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ وہ آئندہ بھی اسی جذبے کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں سرانجام دیتے رہیں گے۔

فیسکو افسران کے تقرروتبادلے



فیسکو انتظامیہ نے چار فیسکو افسران کے تقرروتبادلوں کے احکامات جاری کردیئے۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی منظوری کے بعد ان افسران کے تبادلوں کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے ان افسران میں ڈائریکٹر جنرل لاء فرخ آفتاب کو ڈائریکٹر جنرل ایڈمن تعینات کر دیا گیا ہے۔ چیف انجینئر آپریشن محمد سعید کو چیف انجینئر کسٹمر سروسز، انجینئر احتشام اللہ کو چیف انجینئر او اینڈ ایم "ٹی اینڈ جی" جبکہ چیف انجینئر کسٹمر سروسز اصغر علی قزلباش کو ڈائریکٹر جنرل سیفٹی تعینات کر دیا گیا ہے۔ تمام افسران کے اپنے عہدوں کا چارج سنبھال کر خدمات کی انجام دہی شروع کر دی ہے۔

مدت ملازمت مکمل کر کے باعزت ریٹائرمنٹ خدا کی طرف سے ایک اعزاز ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

انجینئر شہباز محمود ایک انتہائی باصلاحیت، تجربہ کار اور پیشہ وارانہ مہارت کے حامل افسر تھے

ان کا شمار فیسکو کے قابل فخر افسران میں ہوتا ہے جنہوں نے ادارے کی کارکردگی بہتر بنانے میں نمایاں کردار ادا کیا

دوران سروس ان کو جو ذمہ داریاں سونپی گئیں، انہوں نے انہیں احسن طریقے سے انجام دیتے ہوئے مقررہ اہداف حاصل کئے

ملازمین اور صارفین کے ساتھ بہترین رویہ اختیار کیا اور ادارے میں باہمی احترام اور تعاون کی فضا قائم رکھنے میں اہم کردار ادا کیا

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کا چیف انجینئر ٹیکنیکل سروسز فیسکو انجینئر شہباز محمود کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر الوداعی تقریب سے خطاب

چیف انجینئر ٹیکنیکل سروسز فیسکو انجینئر شہباز محمود اپنی مدت ملازمت مکمل کرنے کے بعد باعزت طور پر ریٹائر ہو گئے۔ ان کے اعزاز میں فیسکو ہیڈ کوارٹرز میں ایک پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں فیسکو کے چیف انجینیرز، ڈی جی، ڈائریکٹرز اور دیگر افسران اور ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے ریٹائر ہونے والے چیف انجینئر ٹیکنیکل سروسز انجینئر شہباز محمود کی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ انجینئر شہباز محمود ایک انتہائی باصلاحیت، تجربہ کار اور پیشہ وارانہ مہارت کے حامل افسر تھے جنہوں نے اپنی ذمہ داریاں نہایت دیانتداری، محنت اور لگن کے ساتھ ادا کیں۔ ان کا شمار فیسکو کے قابل فخر افسران میں ہوتا ہے جنہوں نے ادارے کی کارکردگی بہتر بنانے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ انھوں نے کہا کہ مدت ملازمت مکمل کر کے باعزت ریٹائرمنٹ حاصل کرنا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک بڑا اعزاز ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دوران سروس انجینئر شہباز محمود کو جو بھی ذمہ داریاں سونپی گئیں، انہوں نے انہیں احسن طریقے سے انجام دیا اور مقررہ اہداف کے حصول میں ہمیشہ نمایاں کارکردگی دکھائی۔ ان کی پیشہ وارانہ زندگی ادارے کے دیگر افسران کیلئے مشعل راہ ہے۔ انجینیر محمد عامر نے مزید کہا کہ انجینئر شہباز محمود نے اپنی تمام سروس ایمانداری، اصول پسندی اور بغیر کسی دباؤ کے بروقت اور درست فیصلے کرتے ہوئے گزاری۔ انہوں نے محکمہ اور صارفین دونوں کے مفادات کو ہمیشہ مقدم رکھا اور بہترین خدمات کی فراہمی کو یقینی بنایا۔ ان کی خوش اخلاقی، نرم رویہ اور



چیف انجینیر ٹیکنیکل سروسز فیسکو شہباز محمود کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینیر محمد عامر اور دیگر افسران انہیں فیسکو کی جانب سے یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

ٹیم ورک کو فروغ دینے کی صلاحیت نے انہیں ساتھیوں اور ماتحت عملے میں یکساں مقبول رکھا۔اس موقع پر جنرل منیجر ٹیکنیکل میاں محمد رفیق، جنرل منیجر آپریشن عمر حیات گوندل، جنرل منیجر (کمرشل اینڈ کسٹمر سروسز) میڈم صدف ناز، چیف انجینئر آپریشن محمد منور خان، چیف انجینئر (ٹی اینڈ جی) فیصل رضا مارتھ، چیف انجینئر ڈویلپمنٹ وقاص بیگ، کمپنی سیکرٹری مظفر عباس، چیف فنانشل آفیسر نذیر احمد، چیف انٹرنل آڈیٹر فہیم حبیب، ایڈیشنل ڈی جی (سی ایم) میجر (ر) مظفر قادر ملک، ڈی جی (ایچ آر) غلام مجتبیٰ خان، ڈی جی (ایڈمن) فرخ آفتاب، ڈی جی (آئی ٹی) امداد اللہ، ڈی جی (سیفٹی) اصغر حسین قزلباش، ڈائریکٹر (پی آر) محمد سعید رضا، ڈائریکٹر (ایس اینڈ آئی) مدثر علی شیخ، ڈائریکٹر (سی سی اینڈ بی) عبدالحئی، ڈائریکٹر (او ڈی) محمود احمد، ڈائریکٹر (ایم آئی) فیصل شفیع رانا، ڈائریکٹر کمرشل ذوالفقار علی، ڈائریکٹر انٹرنل آڈٹ بشریٰ پروین، ڈپٹی ڈائریکٹر (ٹی ایس) راؤ رضوان علی، سٹاف آفیسر راؤ محمد زبیر سمیت دیگر افسران نے بھی انجینئر شہباز محمود کو ریٹائرمنٹ پر مبارکباد پیش کی اور ان کی خدمات کو سراہا۔دوران خطاب انھوں نے کہا کہ دوران سروس انجینئر شہباز محمود نے ہمیشہ خوشگوار ماحول میں کام کو فروغ دیا، ملازمین اور صارفین کے ساتھ بہترین رویہ اختیار کیا اور ادارے میں باہمی احترام اور تعاون کی فضا قائم رکھنے میں اہم کردار ادا کیا۔انہوں نے ان کی آئندہ زندگی کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ادارے کے دروازے ہمیشہ ان کے لئے کھلے رہیں گے۔تقریب کے اختتام پر ریٹائر ہونے والے چیف انجینئر ٹیکنیکل سروسز انجینئر شہباز محمود اپنے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف ایگزیکٹو اور تمام افسران کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ دورانِ سروس انہیں ہر سطح پر بھرپور تعاون حاصل رہا اور ان کی تمام کامیابیاں ٹیم ورک کا نتیجہ ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ اپنی سروس کے دوران انہوں نے ہمیشہ ملازمین اور صارفین کی بہتری کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے اور ادارے کی ترقی کو اولین ترجیح دی۔تقریب کے اختتام پر چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر اور دیگر افسران نے ریٹائر ہونے والے چیف انجینئر ٹیکنیکل سروسز انجینئر شہباز محمود کو فیسکو کی جانب سے یادگاری شیلڈ اور تحائف پیش کئے۔علاوہ ازیں ٹیکنیکل سروسز ڈائریکٹوریٹ کے افسران و ملازمین کی طرف سے بھی چیف انجینئر ٹیکنیکل سروسز انجینئر شہباز محمود کو ایک شاندار الوداعی عشائیہ دیا گیا جس میں ان کی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر مہمان خصوصی چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر، ڈائریکٹر ایم آئی فیصل شفیع رانا، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹی ایس راؤ رضوان علی اور دیگر افسران نے شہباز محمود کی فیسکو میں خدمات کو سراہا اور کہا کہ دوران سروس جونیئر زافسران کو ان سے بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔کمپنی میں ان کی کمی ہمیشہ محسوس کی جائے گی۔



ٹیکنیکل سروسز ڈائریکٹوریٹ فیسکو کے افسران و ملازمین کا چیف انجینئر ٹیکنیکل سروسز فیسکو شہباز محمود کے اعزاز میں منعقدہ الوداعی تقریب کے موقع پر ان کے ہمراہ گروپ فوٹو

فیسکو میں محفوظ اور حادثات سے پاک ماحول کی فراہمی اولین ترجیح ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

حادثات سے پاک ماحول کی فراہمی کیلئے تمام افسران وملازمین فیسکو کی طرف سے جاری کردہ ہدایات پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنائیں

فیسکو کے اس اقدام کا برقی تنصیبات اور آلات کی سیفٹی اور ان سے وابستہ آتشزدگی کے خطرات کو ختم کرنے اور ہنگامی صورتحال میں موثر کارروائی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ انسانی جانوں، آلات اور ادارے کے اثاثوں کا تحفظ کرنا ہے

فیسکو ایچ ایس ای ڈائریکٹوریٹ کا گرڈ اسٹیشنز، گوداموں، ٹرانسفارمر ورکشاپس اور دفاتر میں آگ سے بچاؤ کیلئے ایک جامع ایس او پی جاری

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایت پر فیسکو ہیلتھ سیفٹی اینڈ انوائرمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے گرڈ اسٹیشنوں، گوداموں، ٹرانسفارمر ریکلیمیشن ورکشاپس اور دفتری عمارات میں آگ سے بچاؤ، فائر فائٹنگ، ہنگامی انخلاء اور فائر ڈرل کے لیے ایک جامع اسٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجر جاری کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں ڈائریکٹر (ایچ ایس ای) فیسکو محمد کلیم اللہ کا کہنا ہے کہ اس اقدام کا مقصد برقی تنصیبات اور آلات کی سیفٹی اور ان سے وابستہ آتشزدگی کے خطرات کو ختم کرنے اور ہنگامی صورتحال میں موثر کارروائی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ انسانی جانوں، آلات اور ادارے کے اثاثوں کا تحفظ کرنا ہے۔ یہ ایس او پی فیسکو کے دائرہ اختیار میں آنے والی تمام تنصیبات پر لاگو ہوگا۔ ایس او پی کے مطابق گرڈ اسٹیشنز پر آگ سے بچاؤ کیلئے احاطے کو آتش گیر مواد سے پاک اور صاف رکھا جائے اور ٹرانسفارمر آئل لیکیجز کو فوری طور پر درست کیا جائے اور نکاسی آب



کے نظام کی باقاعدہ دیکھ بھال کی جائے اور تمام برقی کنکشنز کی درست ارتھنگ کو یقینی بنایا جائے۔ گرڈ اسٹیشن کے اندر سگریٹ نوشی پر مکمل پابندی ہوگی جبکہ ٹرانسفارمرز کے گرد محفوظ فاصلہ برقرار رکھا جائے۔ اسی طرح ٹرانسفارمر ریکلیمیشن ورکشاپس میں خطرات کو کم کرنے کیلئے ویلڈنگ سے قبل حفاظتی لباس اور سامان کا استعمال لازمی ہوگا اور فائر فائٹنگ آلات کو ہمہ وقت فعال حالت میں رکھا جائے۔ مزید برآں اسٹورز میں آتش گیر مواد کو علیحدہ اور محفوظ مقام پر ذخیرہ کیا جائے اور ایمرجنسی اخراج کے راستے ہر وقت کھلے اور صاف رکھے جائیں۔ اسی طرح دفتری عمارات میں دفاتر کو غیر ضروری کاغذات اور آتش گیر مواد سے پاک رکھا جائے گا اور تمام برقی سوئچز، ساکٹس اور آلات کی باقاعدہ دیکھ بھال کی جائے اور آتش گیر مواد کو برقی پینلز یا حرارتی ذرائع کے قریب رکھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ فائر سیفٹی ہدایات اور ہنگامی رابطہ نمبرز نمایاں مقامات پر آویزاں کیے جائیں۔ آگ سے بچاؤ کیلئے فیسکو کی تمام متعلقہ تنصیبات میں درج ذیل فائر فائٹنگ آلات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ ٹرانسفارمر اور آئل ایریاز میں ڈرائی کیمیکل پاؤڈر، ایکسٹنگوئشر زفوم ٹائپ، ریت کی بالٹیاں اور دفاتر میں ڈرائی پاؤڈر اور فوم ایکسٹنگوئشر زفراہم کیے جائیں۔ مزید برآں ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے فوری طور پر الارم بجایا جائے اور تمام عملے کو اطلاع دی جائے۔ متعلقہ ایس ڈی او/ ریذیڈنٹ انجینئر/ ایکسین اور فائر بریگیڈ کو آگاہ کیا جائے۔ خطرات اور آگ والی جگہ سے انخلا کیلئے تمام تنصیبات میں واضح ایمرجنسی ایگزٹس کا انتظام کیا جائے اور ایمرجنسی الارم کی صورت میں تمام ملازمین کا فوری انخلاء لازمی ہوگا۔ ہر چھ (06) ماہ بعد باقاعدہ فائر ڈرل کا انعقاد کیا جائے گا، جس میں تمام ملازمین کی شرکت یقینی بنائی جائے گی۔ فائر ڈرل کی کارکردگی کا ریکارڈ محفوظ رکھا جائے گا اور اس کا باقاعدہ جائزہ لیا جائے گا۔ عملے کو فائر ایکسٹنگوئشر کے استعمال اور انخلاء کے طریقہ کار کی عملی تربیت بھی فراہم کی جائے گی۔ ڈائریکٹر ایچ ایس ای فیسکو محمد کلیم اللہ نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ ادارے میں محفوظ اور حادثات سے پاک ماحول کی فراہمی اولین ترجیح ہے، اور اس سلسلے میں تمام افسران وملازمین کی ذمہ داری ہے کہ وہ جاری کردہ ہدایات پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنائیں۔

حکومت پاکستان کی کیش لیس اکانومی پالیسی اور وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ھدایات

صارفین کی سہولت کے لئے راست RAAST کے ذریعے بجلی کے بلوں کی ادائیگی کی نئی سہولت متعارف

راست آئی ڈی کے ذریعے ادائیگی کا مقصد ڈیجیٹل ادائیگیوں کو فروغ دینا اور صارفین کو جدید اور محفوظ طریقہ فراہم کرنا ہے

صارفین بینک کی موبائل ایپ سے راست پیمنٹ آپشن سے بجلی بل پر موجود QR کوڈ کے ذریعے فوری طور پر ادائیگی کر سکتے ہیں

صارفین اس جدید اور محفوظ ڈیجیٹل سہولت سے فائدہ اٹھائیں اور RAAST کے ذریعے بجلی کے بلوں کی ادائیگی کو ترجیح دیں

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نے حکومت پاکستان کی کیش لیس اکانومی پالیسی اور وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایات کے مطابق صارفین کی سہولت کے لئے راست RAAST (ریپڈ اکاؤنٹس بیسڈ سیٹلمنٹ سسٹم) کے ذریعے بجلی کے بلوں کی ادائیگی کی نئی سہولت متعارف کرادی ہے۔ اس سہولت کے تحت فیسکو کے تمام صارفین اب اپنے بجلی کے بل آسانی سے، فوری اور بغیر کسی اضافی چارج کے ادا کر سکتے ہیں۔ فیسکو ترجمان محمد سعید رضا کے مطابق اس سہولت کا مقصد ڈیجیٹل ادائیگیوں کو فروغ دینا اور صارفین کو جدید اور محفوظ طریقہ فراہم کرنا ہے تاکہ وہ بینکوں یا دیگر مقامات پر جانے کی بجائے اپنی موبائل بینکنگ ایپ کے ذریعے بل ادا کریں۔ انھوں نے کہا کہ نئے نظام کے تحت صارفین اپنے بینک کی موبائل ایپ میں موجود RAAST پیمنٹ آپشن منتخب کر کے اپنے بجلی کے بل پر موجود QR کوڈ (کوئیک رسپونس کوڈ) اسکین کر کے فوری طور پر ادائیگی کریں۔ اس طریقہ کار میں کسی قسم کے اضافی یا سروس چارجز عائد نہیں ہوں گے۔ فیسکو حکام کے مطابق RAAST کے ذریعے کی جانے والی ادائیگی فوری طور پر فیسکو کے سسٹم میں اپ ڈیٹ ہو جائے گی جس کے بعد تمام متعلقہ افسران ادائیگی کی تصدیق آن لائن دیکھ سکیں گے۔ اس اقدام سے ادائیگیوں کے عمل میں شفافیت، تیزی اور صارفین بجلی کی سہولت میں اضافہ ہوگا۔ انھوں نے مزید کہا کہ وزارتِ توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایات کے مطابق بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ RAAST پلیٹ فارم کے ذریعے P2G (پرسن ٹو گورنمنٹ)، G2P (گورنمنٹ ٹو پرسن) اور G2G (گورنمنٹ ٹو گورنمنٹ) ادائیگیوں کے نظام کو مرحلہ وار نافذ کریں۔ اسی سلسلے میں فیسکو نے صارفین کے لئے بجلی کے بلوں، ڈیمانڈ نوٹسز، ڈیٹیکشن بلز اور دیگر ادائیگیوں کے لئے QR کوڈ اور RAAST کے ذریعے ادائیگی کا نظام متعارف کرایا ہے۔ فیسکو انتظامیہ نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ اس جدید اور محفوظ ڈیجیٹل سہولت سے فائدہ اٹھائیں اور RAAST کے ذریعے بجلی کے بلوں کی ادائیگی کو ترجیح دیں ادائیگیوں کا نظام مزید موثر اور تیز رفتار بنایا جا سکے۔ فیسکو کے تمام متعلقہ افسران کو بھی ہدایت جاری کی گئی ہے کہ وہ اس نظام کے بارے میں عوام کو آگاہی فراہم کریں اور ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فروغ کے لئے بھرپور کردار ادا کریں۔

تین فیسکو افسران کی سکیل 19 میں بطور ڈائریکٹر ترقی





فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی منظوری کے بعد تین فیسکو افسران کو سکیل 19 میں بطور ڈائریکٹر پروموشن دے دی گئی۔ ہیومن ریسورسز ڈائریکٹوریٹ فیسکو کی طرف سے ان افسران کی ترقی کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ ترقی پانے والوں میں ایڈیشنل ڈائریکٹر (MIS) کمپیوٹر سنٹر فیصل شہزاد، ڈپٹی ڈائریکٹر (CA-I) نصیر احمد اور ایڈیشنل سپرنٹنڈنگ انجینئر سول ورکس شکیل حیدر لک شامل ہیں۔

فیسکو ڈیفالٹرز کے خلاف مہم تیز، نادہندگان سے سو فیصد ریکوری کو یقینی بنایا جائے گا

جنرل منیجر (C&CS)
انجینئر صدف ناز

فیسکو نے واجبات کی عدم ادائیگی پر ریجن بھر کے 27 سرکاری محکموں کے خلاف خصوصی ریکوری مہم کا آغاز کر دیا

فیسکو کے 3471 ملین روپے سے زائد کے نادہندہ اداروں کو کنکشن کی بحالی جاری رکھنے کیلئے فوری واجبات کی ادائیگی کا نوٹس جاری کر دیا

فیسکو ریجن کے 27 سرکاری محکمے مجموعی طور پر 3471 ملین روپے سے زائد کے نادہندہ ہیں۔ فیسکو نے ان اداروں کو فوری واجبات کی ادائیگی کا نوٹس جاری کرتے ہوئے متنبہ کیا ہے کہ ادائیگی میں تاخیر کی صورت میں بجلی کے کنکشن منقطع کر دیے جائیں گے۔ فیسکو ترجمان محمد سعید رضا کے مطابق سرکاری اداروں میں سب سے زیادہ نادہندہ واسا فیصل آباد کے ذمے 1942.49 ملین روپے کی خطیر رقم واجب الادا ہے۔ پنجاب ایریگیشن اینڈ پاور ڈیپارٹمنٹ بھی 179.79 ملین روپے کا ڈیفالٹر ہے جبکہ پنجاب سکارپ کے ذمے 78.59 روپے کی ادائیگی باقی ہے۔ اسی طرح تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال ضلع میانوالی کے ذمے 75.58 ملین روپے، تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال سرگودھا کے ذمے 59.11 ملین روپے کے واجبات موجود ہیں۔ مزید برآں وزارت ریلوے کے بجلی کے واجبات 52.66 ملین تک پہنچ چکے ہیں۔ اسی طرح تحصیل ہیڈ کوارٹرز ضلع بھکر کے ذمے 51.81 ملین روپے، پنجاب پولیس کے ذمے 50.51 ملین روپے، محکمہ صحت ڈسٹرکٹ گورنمنٹ سرگودھا کے ذمے 25.12 ملین روپے، ٹی ایم اے لائلپور ٹاؤن فیصل آباد کے ذمے 24.83 ملین روپے، ٹی ایم اے چنیوٹ کے ذمے 20.01 ملین روپے کی رقم واجب الادا ہے۔ مزید برآں ٹی ایم اے خوشاب کے ذمے 19.47 ملین روپے، ٹی ایم اے جناح ٹاؤن فیصل آباد کے ذمے 19.44 ملین روپے، ضلع کونسل کے ذمے 19.42 ملین روپے، پنجاب پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے ذمے 18.34 ملین روپے، پنجاب ہیلتھ اینڈ ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے ذمے 18.28 ملین روپے، ٹی ایم اے ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ذمے 17.97 ملین روپے، محکمہ صحت ڈسٹرکٹ گورنمنٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے ذمے 15.83 ملین روپے، ٹی ایم اے بھلوال کے ذمے 15.53 ملین روپے، تحصیل ہیڈ کوارٹرز ہسپتال ضلع جھنگ کے ذمے 15.34 ملین روپے، میونسپل کمیٹی کے ذمے 14.63 ملین روپے، ٹی ایم اے مدینہ ٹاؤن فیصل آباد کے ذمے 14.19 ملین، تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال خوشاب کے ذمے 13.62 ملین، پنجاب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے ذمے 11.52 ملین روپے، ٹی ایم اے جھنگ کے ذمے 11.14 ملین، پنجاب لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈیپارٹمنٹ کے ذمے 11.08 ملین روپے، بیسک رورل ہیلتھ ضلع جھنگ کے ذمے 10.43 ملین روپے جبکہ دیگر محکمہ جات کے ذمے 665.12 ملین روپے کی ادائیگی باقی ہے۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے فیسکو سٹاف پر زور دیا ہے کہ وہ فیسکو ڈیفالٹرز کے خلاف مہم میں مزید تیزی لائیں اور نادہندگان سے سو فیصد ریکوری کو یقینی بنایا جائے۔ انھوں نے کہا کہ اس سلسلے میں کسی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انھوں نے تمام سرکاری اداروں سے اپیل کی کہ وہ اپنے واجبات فوری ادا کریں بصورت دیگر فیسکو کو ان کے بجلی کنکشن منقطع کرنے پر مجبور ہونا پڑے گا اور اس سلسلے میں کسی ادارے کے ساتھ رعایت نہیں برتی جائے گی۔ انھوں نے تمام سرکاری اداروں پر زور دیا ہے کہ وہ قومی مفاد میں ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور اپنے واجبات فوری طور پر ادا کریں۔



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر فیسکو کے نادہندہ اداروں کے خلاف جاری خصوصی مہم کے دوران فیسکو کی خصوصی ٹیمیں فیلڈ میں صارفین سے ریکوری میں مصروف ہیں

صارفین کو دور حاضر کی جدید سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے

ڈائریکٹر جنرل آئی ٹی
محمد امداد اللہ

صارفین کو جدید اور تیز رفتار سہولیات فراہم کرنے کیلئے ENC (الیکٹریسٹی نیو کنکشن) پورٹل بند کر دیا گیا

صارفین کی سہولت کیلئے ای این سی پورٹل میں موجود تمام فیچرز کو "پاور سمارٹ موبائل ایپ" میں شامل کر دیا گیا ہے

جدید پاور سمارٹ موبائل ایپلیکیشن کا بنیادی مقصد صارفین کو بجلی سے متعلق تمام خدمات گھر بیٹھے فراہم کرنا ہے

پاور سمارٹ موبائل ایپ کے اجرا کے بعد صارفین نئے کنکشن کے حصول کیلئے چند کلکس کے ذریعے اپنی درخواست آن لائن جمع کرا سکیں گے

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کے صارفین کو جدید اور تیز رفتار سہولیات فراہم کرنے کیلئے ENC (الیکٹریسٹی نیو کنکشن) پورٹل بند کر دیا گیا ہے جبکہ اس میں صارفین کی سہولت کیلئے موجود تمام فیچرز کو "پاور سمارٹ موبائل ایپ" میں شامل کر دیا گیا ہے۔ جس کی بدولت یہ موبائل ایپلیکیشن مزید کنزیومر فرینڈلی بنا دی گئی ہے۔ اس جدید موبائل ایپلیکیشن کا بنیادی مقصد صارفین کو بجلی سے متعلق تمام خدمات گھر بیٹھے فراہم کرنا ہے۔ فیسکو کے شعبہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مطابق پاور سمارٹ ایپ کو صارفین بجلی کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے، جس کے ذریعے صارفین متعدد خدمات گھر بیٹھے صرف چند کلکس پر ایک ہی پلیٹ فارم پر حاصل کر سکیں گے۔ اس ایپ کے ذریعے صارفین نئے بجلی کنکشن کے حصول کی درخواست، درخواست کی پیش رفت کو ٹریک کرنا، نام کی تبدیلی، ٹیرف کی تبدیلی، لوڈ کی تبدیلی، بلوں کی اقساط، بل کی تاریخ ادائیگی میں توسیع، شکایات کا اندراج اور ٹریکنگ اور بل ایسٹیمیٹر کیلکولیٹر کی مدد سے آئندہ بجلی کے بل کے تخمینے جیسی سہولیات حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس ایپ کے ذریعے صارفین اپنی ذاتی معلومات جیسے شناختی کارڈ نمبر، موبائل نمبر اور دیگر ریکارڈ کو با آسانی فیسکو سسٹم پر اپ ڈیٹ کر سکیں گے۔ علاوہ ازیں صارفین بجلی سے متعلق شکایات درج کرانے کے ساتھ ساتھ ان شکایات کی اسٹیٹس ٹریکنگ بھی کر سکیں گے جس سے شکایات کے ازالے کے عمل میں شفافیت اور تیزی آئے گی۔ پاور سمارٹ موبائل ایپ کے اجرا کے بعد صارفین نئے کنکشن کے حصول کیلئے چند کلکس کے ذریعے اپنی درخواست آن لائن جمع کرا سکیں گے۔ اس سے نہ صرف صارفین کے وقت کی بچت ہوگی بلکہ سروس ڈیلیوری میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل صارفین نئے بجلی کنکشن کیلئے ای این سی (ENC) پورٹل کے ذریعے درخواستیں جمع کرواتے تھے تاہم فیسکو انتظامیہ نے جدید سہولیات کی فراہمی کو مدنظر رکھتے ہوئے ENC پورٹل کو بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اب تمام خدمات پاور سمارٹ موبائل ایپ کے ذریعے فراہم کی جائیں گی تاکہ صارفین کو زیادہ بہتر، تیز اور موثر سہولت میسر آ سکے۔ یہاں یہ بات واضح کی جاتی ہے کہ صارفین کی سہولت کیلئے تمام خدمات "فیسکو سمارٹ" موبائل ایپ پر بھی دستیاب ہیں صارفین اپنے مسائل کے حل کیلئے "فیسکو سمارٹ" موبائل ایپلیکیشن بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ مزید برآں ایسے صارفین جو آن لائن ایپلیکیشن استعمال میں دشواری محسوس کرتے ہیں، وہ اپنے قریبی سرکل، ڈویژنل یا سب ڈویژنل دفتر کے کسٹمر سروسز سنٹر سے بھی یہی تمام سہولیات حاصل کر سکیں گے۔ 31 مارچ تک ENC پورٹل کے ذریعے نئے کنکشن کے حصول کی درخواستیں جمع کروانے والے صارفین کی درخواستیں مسترد نہیں ہوئیں بلکہ وہ پالیسی کے مطابق پراسیس ہوں گی جبکہ یکم اپریل سے تمام سروسز ENC کی بجائے پاور سمارٹ موبائل ایپ پر دستیاب ہیں۔ صارفین کی بروقت راہنمائی کیلئے تمام متعلقہ دفاتر کو بھی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ ENC پورٹل پر بھی اس تبدیلی کے حوالے سے باضابطہ آگاہی فراہم کر دی گئی ہے تاکہ تمام صارفین کو نئی پاور سمارٹ ایپ استعمال کرنے کی ترغیب دی جا سکے اور وہ جدید ڈیجیٹل سہولیات سے بھرپور فائدہ اٹھا سکیں۔ فیسکو کا یہ اقدام ادارے کی ڈیجیٹلائزیشن پالیسی کا اہم حصہ ہے، جس کا مقصد صارفین کو آسان، شفاف اور بروقت خدمات فراہم کرنا، شکایات کے ازالے کے نظام کو بہتر بنانا اور بجلی سے متعلق تمام امور کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہے۔

فیسکو ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے مختلف اقدامات جاری ہیں

جس کا مقصد فیسکو ملازمین کے بچوں کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنا اور ان کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنا ہے

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایت پر ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے مختلف اقدامات جاری ہیں اس سلسلے میں فیسکو انتظامیہ نے ملازمین کے بچوں کو تعلیمی وظائف کی ادائیگی کے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ یہ اقدام کمپنی کی جانب سے ملازمین کی فلاح و بہبود کے تسلسل میں ایک اہم قدم ہے جس کا مقصد ملازمین کے بچوں کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کرنا اور ان کی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنا ہے۔ فیسکو کے مختلف کیڈرز کے افسران و ملازمین کے 46 بچے جنہوں نے تعلیمی سال 25-2024 نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا کو وظائف کا اجرا کیا گیا ہے۔ کلاس نہم کے پانچ طالب علموں کو ایک لاکھ 30 ہزار روپے، میٹرک کے 5 طالب علموں کو ایک لاکھ 30 ہزار روپے ہزار، فرسٹ ائیر کے 12 طالب علموں کو 3 لاکھ 25 ہزار، سیکنڈ ائیر کے 5 طالب علموں کو ایک لاکھ 50 ہزار، مختلف بیچلر ڈگری پروگرام کے 10 طلبا کو 3 لاکھ 75 ہزار روپے، ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئرنگ کے 3 طالب علموں ایک لاکھ، ماسٹر ڈگری کے 2 طالب علموں کو ایک لاکھ 5 ہزار اور ڈی فارمیسی کے ایک طالب علم کو 45 ہزار روپے بطور سکالرشپ دیئے گئے۔

شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) ریونیو آفس چک جھمرہ ڈویژن فیسکو فیصل آباد کے کمرشل اسسٹنٹ عبدالرزاق آپ مورخہ 10-11-2025 سے مسلسل دانستہ طور پر تاحال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 733 بتاریخ 06-03-2026 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہ دیا۔ بعدازاں آپ کو مورخہ 20-04-2026 کو ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔ اس کے بعد آپ کو شوکاز نوٹس نمبر 1173/C-35/26 بتاریخ 21-04-2026 بھی جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب نہ دیا۔ لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت/وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: جنرل منیجر (C&CS) فیسکو فیصل آباد

شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) پی اینڈ آئی سب ڈویژن فیسکو فیصل آباد کے اسسٹنٹ انجینئر احمد ندیم آپ مورخہ 15-12-2025 سے مسلسل دانستہ طور پر تاحال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 285/C-09/2026 بتاریخ 03-02-2026 جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا کوئی جواب نہ دیا۔ بعدازاں آپ کو مورخہ 05-03-2026 اور 15-04-2026 کو ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔ اس کے بعد آپ کو شوکاز نوٹس نمبر 746/C-09/2026 بتاریخ 06-03-20262 بھی جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب نہ دیا۔ لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت/وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: اسسٹنٹ ڈائریکٹر (کانفیڈینشل) فیسکو فیصل آباد

شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) ELR سب ڈویژن نمبر 4 فیسکو سرگودھا کے لائن سپرنٹنڈنٹ سیکنڈ محمد سعید مختار آپ مورخہ 28-07-2025 سے مسلسل دانستہ طور پر تاحال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 59-357 بتاریخ 30-12-2025 جاری کیا گیا اور ہدایت کی گئی کہ اپنا جواب دفتر ہذا کو جمع کروائیں لیکن آپ نے اس لیٹر کا کوئی جواب نہ دیا اور نہ ہی اپنی ڈیوٹی پر حاضر ہوئے۔ بعدازاں آپ کو لیٹر نمبر 535-532 بتاریخ 26-02-2026 کے تحت شوکاز نوٹس جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب نہیں دیا۔ لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت / وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: ایڈیشنل چیف انجینئر پراجیکٹ کنسٹرکشن فیسکو فیصل آباد

شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نعمت کالونی سب ڈویژن فیسکو فیصل آباد کے لائن مین سیکنڈ ارشد علی ولد فضل احمد آپ مورخہ 23-12-2025 تا 26-01-2026 تک مسلسل دانستہ طور پر تاحال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر رہے۔ آپ کو وضاحتی نوٹس نمبر 53-752 بتاریخ 30-01-2026 جاری کیا گیا اور ہدایت کی گئی کہ اپنا جواب دفتر ہذا کو جمع کروائیں لیکن آپ نے اس لیٹر کا کوئی جواب نہ دیا اور نہ ہی اپنی ڈیوٹی پر حاضر ہوئے۔ بعدازاں آپ کو لیٹر نمبر 55-754 بتاریخ 12-02-2026 کے تحت شوکاز نوٹس جاری کیا گیا لیکن آپ نے اس کا بھی کوئی جواب نہیں دیا۔ بعدازاں آپ کو لیٹر نمبر 5277 بتاریخ 25-02-2026 کے تحت ذاتی شنوائی کیلئے بلایا گیا لیکن آپ پھر بھی حاضر نہ ہوئے۔ لہٰذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت / وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: ایگزیکٹو انجینئر (آپریشن) عبداللہ پور ڈویژن فیسکو فیصل آباد



FESCO News Online

فیسکو نیوز کی سوفٹ کاپی فیسکو کی ویب سائیٹ www.fesco.com.pk پر بھی پوسٹ کی گئی ہے۔ قارئین اس سے استفادہ حاصل کرنے کیلئے ویب سائیٹ کا وزٹ کریں۔

For feedback
0419220282
fescopublicrelations@gmail.com

شعبہ تعلقات عامہ
فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ، عبداللہ پور فیصل آباد

قارئین فیسکو نیوز کی خصوصی توجہ کیلئے

تمام فیسکو افسران اور ملازمین کے لئے ''فیسکو نیوز'' کے صفحات حاضر ہیں، وہ اپنی تجاویز، آراء، مضامین اور اپنے اپنے شعبوں میں ہونے والی مختلف سرگرمیوں پر مبنی تحریریں، تصاویر ہمیں بھجوا سکتے ہیں، انہیں شکریہ کے ساتھ شامل اشاعت کیا جائے گا، اپنی تحریریں ہر ماہ کی 25 تاریخ تک ہمیں درج ذیل پتہ پر بذریعہ ڈاک، ای میل اور واٹس ایپ کے ذریعے بھجوائیں

Whatsapp: 0345-1500680, Email: fescopublicrelations@gmail.com

ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) فیسکو ہیڈکوارٹرز، کینال روڈ فیصل آباد

بجلی کی بچت

آپ کا فائدہ آپ کی ذمہ داری

وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایات پر چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو محمد عامر کا بجلی کی کفایت شعاری کی باقاعدہ مہم کا آغاز

ملک میں بجلی بحران کے پیش نظر ہماری ذمہ داری ہے کہ بجلی کا استعمال کفایت شعاری سے کریں
تاکہ لوڈ شیڈنگ میں کمی کے ساتھ ساتھ بجلی کے بل میں بھی کمی لائی جاسکے۔

بجلی سمجھداری اور احتیاط سے استعمال کریں تاکہ زندگی کے ہر شعبہ کو اس کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

- صرف ضرورت کے وقت بجلی کا استعمال کریں اور غیر ضروری لائٹس بند رکھیں۔
- پیک آورز میں زیادہ لوڈ والے برقی آلات استری، موٹر، واشنگ مشین اور دیگر آلات استعمال مت کریں۔
- زرعی صارفین شام کو انتہائی کھپت والے اوقات میں اپنے ٹیوب ویل نہ چلائیں۔
- بجلی کے استعمال میں کمی لانے کیلئے دن کے اوقات میں سورج کی روشنی سے استفادہ کریں۔
- بجلی کا استعمال اپنے منظور شدہ لوڈ کے مطابق کریں۔







آیئے روشن مستقبل کی جانب مل کر گامزن رہیں

مزید معلومات اور اپ ڈیٹس کیلئے فیسکو کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس کو فالو کریں۔

fesco.com.pk | fesco_official13 | @fesco.official | company/fesco-official

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو)

ویسٹ کینال روڈ، فیصل آباد | www.fesco.com.pk | ٹول فری نمبر 0800-66554 | ہیلپ لائن 118